# 07-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ اسمبلی میں بی سی تحفظات بلوں کی تائید کرنے کے بعد بی جے پی اپنے وعدے سے مکر گئی ہے۔

۲۔ ریاست بھر میں آج ہینڈلوم ڈے منایا گیا۔حیدرآباد میں منعقدہ نمائش کا ریاستی وزیر تو ملا نا گیشور راؤ نے افتتاح کیا۔

۳۔بی آرایس کے لیڈر ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد 2 لاکھ افراد کے وظیفہ منسوخ کردئے گئے۔

اور

۴۔ریاست میں آئندہ چار دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

PM - HANDLOOM DAY:

وزیراعظم نریندر مودی نے نیشنل ہینڈلوم ڈے کے موقع پر ایوان کو مبارکباد دی ہے۔سوشل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ آج کا دن بھارت کی بنکری کی روایات کے جشن کا دن ہے۔انہوں نے کہا کہ ان تقاریب سے شہریوں کی تخلیقی صلاحیتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔انہوں نے ہینڈلوم کے تنوع پر فخر کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ شعبہ روزگار کی فراہمی میں اہم رول ادا کررہا ہے۔

PM - CENTENARY CONFERENCE:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کسانوں ، ماہی گیروں اور ڈیری کے کسانوں کے مفادات پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔دہلی میں ایم ایس سوامی ناتھن صد سالہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسانوں کی بہبود ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت

کسانوں کی آمدنی بڑھانے اور کاشتکاری کے اخراجات کم کرنے کے لئے مسلسل کام کررہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کی طاقت کو ملک کی ترقی کی بنیاد کے طور پر تسلیم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت دودھ، دالوں اور جوٹ کی پیداوار میں دنیا بھر میں اول مقام پر ہے۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال بھارت نے غذائی اجناس کی پیداوار میں ریکارڈ قائم کیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سوامی ناتھن نے غذا کی پیداوار میں بھارت کو خودمنحصر بنانے کی تحریک کی قیادت کی۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ ڈاکٹر سوامی ناتھن نے قدرتی تنوع سے آگے بڑھتے ہوئے قدرتی خوشحالی کا تصور پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سوامی ناتھن کو زرعی سائنس میں ان کے غیر معمولی کارناموں کیلئے جانا جاتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج بھی بھارت کے زرعی شعبہ میں ان کی سوچ اور ان کا طریقہ کار نمایاں نظر آتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ غذائی تحفظ کی وراثت پر آگے بڑھتے ہوئے ملک کے زرعی سائنسدانوں کیلئے اگلا نشانہ سب کو تغذیہ کا تحفظ فراہم کرنا ہے۔انہوں نے ماحولیات کیلئے سازگار فصلیں اگانے کی ضرورت پر زور دیا۔

Sound Byte.

MY BHARAT QUIZ

حکومت نے تمام شہریوں کو قومی پرچم کے بارے میں ملک گیر آن لائن کوئز مقابلہ میں شرکت کرنے اور اپنی معلومات کو پرکھنے کیلئے مدعو کیا ہے۔عمر بالغان اور اسپورٹس کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ کوئز میرا یووا بھارت مساعی کے تحت منعقد کیا جارہا ہے۔شہری 'مائی بھارت' پورٹل پر اس کوئز میں حصہ لے سکتے ہیں۔تمام شرکاء کو ای۔سرٹیفکیٹ پیش کیا جائے گا۔

Rajanna Srcilla

ماں کا دودھ نوزائدہ بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ راجنا سرسلہ ضلع کے کونا راؤ پیٹ منڈل کے اگلاس پور گاؤں کی آنگن واڑی ٹیچر حسینہ نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے ماں کے دودھ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے منائی جارہی ایک ہفتہ طویل تقاریب کے سلسلہ میں آکاش وانی سے بات چیت کی۔

Sound Byte

BJP President

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کے بافندوں کو ترجیح دیتے ہوئے انہیں مدرا قرضے اور بیمہ کی اسکیم کے فوائد پہنچارہی ہے۔ نیشنل ہینڈلوم ڈے کے موقع پر انہوں نے یدادری بھونگیر ضلع کے یادگیری گٹہ میں بی جے پی کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں شرکت کی۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ 1905ء میں سودیشی تحریک کی یاد کو تازہ کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے 7 اگست کو نیشنل ہینڈلوم ڈے منانے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ورنگل میں 9 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے قائم کئے جارہے ہینڈلوم پارک کے ذریعہ 2 لاکھ افراد کو روزگار حاصل ہوگا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت ہینڈلوم کے شعبہ کو نظرانداز کررہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت بافندوں کیلئے کلسٹرس قائم کرتے ہوئے ان کی مدد کرے۔

Niranjan Reddy

سابق وزیر نرنجن ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی کسانوں کو یوریا کی عدم سربراہی سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ انہوں نے آج میدک ضلع ہیڈکوارٹر پر بی آر ایس کی جانب سے منعقدہ دھرنے میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے پراجکٹس میں پانی موجود ہے لیکن حکومت آبپاشی کیلئے پانی کی سربراہی میں ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے بی آر ایس ہمیشہ سے ہی کسانوں کے مفاد میں کام کرتی

رہی ہے۔نرنجن ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس اس وقت تک جدوجہد جاری رکھے گی جب تک کہ کانگریس پارٹی اپنے 6 گیارنٹیز پر عمل آوری نہیں کرتی۔اس پروگرام میں سابق وزیر ہریش راؤ اور دیگر قائدین نے شرکت کی۔

National Handloom Day

ریاستی حکومت نے آج بڑے پیمانے پر نیشنل ہینڈلوم ڈے منایا۔حیدرآباد کے پیپلز پلازہ پر منعقدہ نمائش کا ہینڈلوم کے وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے افتتاح کیا۔بعد میں منعقدہ ایک پروگرام میں انہوں نے نمایاں خدمات انجام دینے والے 33 بافندوں اور ڈیزائنرس کو کونڈا لکشمی بابو جی ایوارڈ پیش کئے۔ریاستی وزیر نے نمائش میں لگائے گئے اسٹالس کا مشاہدہ کیا۔یہ نمائش 17 اگست تک جاری رہے گی۔

Handloom Day

تمام اضلاع میں نیشنل ہینڈلوم ڈے تقاریب منعقد کی گئیں۔بعد مقامات پر ریالیاں نکالی گئیں اور خصوصی پروگرامس منعقد کئے گئے۔سدی پیٹ ضلع میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر کے ہیماوتی نے کہا کہ ضلع کے بافندوں اور خواتین کو بھرپور امداد فراہم کی جائے گی۔سنگاریڈی اور کریم نگر اضلاع میں ریالیاں منعقد کی گئیں۔جئے شنکر بھوپال پلی ضلع میں بھی ہینڈلوم ڈے تقاریب منعقد کی گئیں۔

Ponam

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ اسمبلی میں بی سی تحفظات بلوں کی تائید کرنے کے بعد بی جے پی اپنے وعدے سے مکر گئی ہے۔انہوں نے مرکزی وزیر کشن ریڈی سے سوال کیا کہ کیا وہ تحریری طور پر یہ موقف اختیار کرنے کے لئے تیار ہیں کہ تحفظات کا معاملہ مرکز کے دائرے کار میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کے تحفظات سے متعلق بل صدر جمہوریہ کے پاس زیرالتوا ہیں۔

Harish

بی آر ایس کے لیڈر ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد 2 لاکھ افراد کے وظیفہ منسوخ کر دئے گئے۔ انہوں نے آج میدک ضلع کے نرساپور میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں مشن کاکتیا کے تحت تالابوں کا احیاء عمل میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد تلنگانہ کے آبی مفادات آندھراپردیش کے پاس گروی رکھے گئے ہیں۔

Weather

ریاست میں آئندہ چار دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے کئی اضلاع میں گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

○○